◎ نماز سے کردار سازی کیسے؟ یاسمین حمید۔ ملنے کا پتا: دفتر تحریکِ اسلامی، اٹاوہ سوسائٹی، نزد گلشن معمار، کراچی۔ فون: ۰۲۱-۳۶۳۵۰۱۰۰۔ صفحات: ۱۰۰۔ قیمت: درج نہیں۔[زیرتبصرہ کتاب میں توجہ دلائی گئی ہے کہ نماز کے الفاظ ہمارے ضمیر کو بیدار کرتے ہیں، ہماری سیرت سازی کرتے ہیں، ایمان ویقین کی دولت سے مالا مال کرتے ہیں۔ نماز کیسے بدی کے طوفانوں میں، حق کی راہوں پر ہمارے قدموں کو مضبوط جماتی ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ ہم نماز بے سوچے سمجھے نہ پڑھیں، نماز کے الفاظ کے مدّعا کو ٹھیک ٹھیک سمجھیں اور اپنے قلب و روح میں انھیں جذب کرتے جائیں۔ کتاب میں نماز کا حقیقی مدعا ومقصود، نماز کا دین میں مقام، خشوع وخضوع، تزکیہ وتربیت، مسلمان کی طاقت کا اصل سرچشمہ، صبر اور صلوٰۃ سے مدد، سیرت وکردار سازی اور قائدانہ صلاحیتوں کا فروغ، نماز ایک بہترین تربیتی نظام جیسے موضوعات زیربحث آئے ہیں۔]

◎ رُوداد مجلس شوریٰ، چہارم، مرتبہ: شیخ افتخار احمد۔ ناشر: ادارہ معارفِ اسلامی، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ ۰۴۲-۳۵۴۱۹۵۲۰-۴۔ صفحات: ۴۴۰۔ قیمت: ۳۷۵ روپے۔[زیرنظر کتاب جماعت اسلامی پاکستان کی مجالس شوریٰ کے اجلاسوں کی کارروائیوں پر مشتمل ہے، جنھیں تاریخ کے ریکارڈ اور قوم کی رہنمائی کے لیے جماعت اسلامی کے موقف کی وضاحت کے لیے بڑا اہم مقام حاصل ہے۔]

◎ سہ ماہی جہانِ اعصاب (جنوری تا مارچ ۲۰۱۶ء)، مدیراعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر محمد واسع شاکر۔ پتا: ڈیپارٹمنٹ آف میڈیسن، آغا خان ہسپتال، اسٹیڈیم روڈ، کراچی۔ صفحات: ۲۴۔ قیمت: ۴۰ روپے۔[مغربی دنیا کے مقابلے میں مسلم دنیا میں نفسیاتی امراض کا تناسب آج بھی کم ہے۔ تاہم جیسے جیسے مادیت اور مذہب سے دُوری بڑھ رہی ہے ان امراض کا تناسب بھی بڑھ رہا ہے۔ پاکستان سوسائٹی آف نیورولوجی نے نفسیاتی امراض کی روک تھام کے لیے عوامی آگاہی کے لیے مذکورہ مجلّے کا اجرا کیا ہے۔ قارئین کو دماغی، اعصابی اور نفسیاتی امراض سے معلومات اور بچاؤ کی تدابیر سے جدید تحقیق کی روشنی میں آگاہی دی جائے گی۔]

ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن

ایک مشن، ایک پیغام، ایک دعوت!
۸۳ سال سے اس پیغام کا علم بردار ہے!

آپ رسالہ پڑھتے ہیں، بہت اچھا کرتے ہیں۔ لیکن یہ کافی نہیں۔ اپنی استطاعت کے مطابق ہر ماہ یہ رسالہ آگے پہنچایئے۔ اس سے جو خیر رُونما ہوگا، آپ کے لیے صدقۂ جاریہ ہوگا۔ اپنے مقام پر رسالہ حاصل کرنے میں مشکل ہو تو دفتر سے رابطہ کیجیے۔

دعوتِ حق پھیلانا سنتِ نبویؐ ہے۔ اللہ نے ہر مسلمان کو اس کام کا مکلف بنایا ہے۔
وقت کے ذریعے، مال کے ذریعے اور صلاحیت کے ذریعے آگے بڑھیے۔

اس جدوجہد میں اپنا حصہ ادا کیجیے